## سرکاری خزانہ لوٹ کر محلات اور جاگیریں بنانے والوں سے نجات کا وقت آچکا ہے، الطاف حسین

## دنیا بھر میں نوجوان طبقہ اور طلباء وطالبات پرامن انقلاب کا ہراول دستہ ہوتا ہے

## ملک کو بچانے اور ایماندار قیادت کیلئے ملک بالخصوص پنجاب بھر کے نوجوان اور طلباء وطالبات اپنا فرض ادا کریں

## لوٹ مار کرنے والوں کو روکنے کیلئے اگر اب بھی عوام نے اپنا کردار ادا نہیں کیا تو پاکستان کے حالات مزید ابتر ہو سکتے ہیں

## جن سے پاکستان کے دشمن عناصر فائدہ اٹھا کر ملک کو نقصان پہنچانے کا گھناؤنا عمل کر سکتے ہیں

## مخیّر حضرات پنجاب ورکرز کنونشن کیلئے اپنی بساط کے مطابق زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں

## لاہور میں ڈاکٹر علی حسین، عنصر علی بٹر، قصور، بہاولنگر، پاک پٹن اور لاہور کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔3، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کا سرکاری خزانہ لوٹ کر اپنے اور اپنے خاندان کیلئے محلات اور جاگیریں بنانے والوں سے اب نجات کا وقت آچکا ہے لہٰذا ملک کو بچانے، اسے لٹیروں سے نجات دلانے اور ملک میں ایماندار قیادت کو آگے لانے کیلئے ملک بالخصوص پنجاب بھر کے نوجوان اور طلباء وطالبات اپنا فرض ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر اب بھی پنجاب کے نوجوان طبقہ، طلباء وطالبات اور عوام نے قومی دولت کی لوٹ مار روکنے کیلئے اپنا کردار ادا نہیں کیا تو پاکستان کے حالات مزید ابتر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں ایم کیو ایم کا پنجاب ورکرز کنونشن صوبہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا ورکرز کنونشن ثابت ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار جناب الطاف حسین نے ہفتہ کے روز لاہور میں ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس میں رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین، سیکریٹری نشر واشاعت عنصر علی بٹر، قصور، بہاولنگر، پاک پٹن اور لاہور کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اپنی گفتگو میں جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم پنجاب کے تمام ڈسٹرکٹ بشمول اسلام آباد کے ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ انتہائی محنت، لگن اور عزم وہمت کے ساتھ لاہور میں ایم کیو ایم پنجاب ورکرز کنونشن کی تیاریاں زور وشور سے شروع کردیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ تمام ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کی رات دن کی محنت رنگ لائے گی اور لاہور میں منعقد ہونے والا ایم کیو ایم کا پنجاب ورکرز کنونشن صوبہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا کنونشن ثابت ہوگا۔ انہوں نے ملک بالخصوص صوبہ پنجاب کے نوجوانوں اور طلبا وطالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم درس وتبلیغ کے ذریعہ غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا پرامن انقلاب لانا چاہتی ہے اور دنیا بھر میں نوجوان طبقہ پرامن انقلاب کا ہراول دستہ ہوتا ہے۔ پاکستان کا سرکاری خزانہ لوٹ کر اپنے اور اپنے خاندان کیلئے محلات اور جاگیریں بنانے والوں سے نجات کا وقت آچکا ہے لہٰذا ملک کو بچانے اور ملک میں ایماندار قیادت کے قیام کیلئے ملک بالخصوص پنجاب بھر کے نوجوان اور طلباء وطالبات اپنا فرض ادا کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں بدعنوان لوگوں اور سرکاری خزانہ کی لوٹ مار کرنے والوں کو روکنے کیلئے اگر اب بھی نوجوان طبقہ اور ملک بھر کے غیور عوام نے اپنا کردار ادا نہیں کیا تو پاکستان کے حالات مزید ابتر ہو سکتے ہیں جن سے پاکستان کے دشمن عناصر فائدہ اٹھا کر ملک کو نقصان پہنچانے کا گھناؤنا عمل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ اور ایماندار لوگوں کی جماعت ہے لہٰذا نوجوان طبقہ اور ملک بھر کے مظلوم ومحروم عوام ایم کیو ایم کا ساتھ دیکر ملک کو مضبوط سے مضبوط بنانے کی جدوجہد کامیاب بنائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک غریب جماعت ہے جس کے تمام تنظیمی اخراجات عوامی عطیات سے پورے کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے پنجاب کے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ لاہور میں منعقد ہونے والے ایم کیو ایم کے پنجاب ورکرز کنونشن کیلئے اپنی بساط کے مطابق زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کرائیں۔ کنونشن کے سلسلے میں پاکستان بھر میں MCB بنک، برانچ کوڈ نمبر 0073 میں خصوصی اکاؤنٹ قائم کردیا گیا ہے جس کا اکاؤنٹ نمبر 1000863 ہے لہٰذا مخیّر حضرات MCB کی کسی بھی برانچ میں اپنے عطیات مذکورہ اکاؤنٹ میں جمع کرا سکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے ایم کیو ایم پنجاب کے تمام اضلاع کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کی جانب سے پنجاب ورکرز کنونشن کی تیاریوں کی تفصیلات برابر موصول ہو رہی ہیں جس پر میں انہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور صدر آصف علی زرداری کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

## الطاف حسین نے صدر زرداری کو انکے کامیاب غیر ملکی دورے اور منشیات اسمگلنگ کیس میں سعودی عرب میں گرفتار بے گناہ پاکستانیوں کی رہائی اور وطن واپسی پر مبارکباد پیش کی

## پنجاب میں ایم کیوایم کے کنونشن کے انعقاد، صوبہ سندھ کے بعض مسائل اور ملک کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

## الطاف حسین کی وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے فون پر گفتگو، سعودی عرب میں گرفتار پانچ پاکستانیوں کی رہائی پر مبارکباد پیش کی

لندن۔۔۔3 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور صدر آصف علی زرداری کے مابین آج ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری کو ان کے کامیاب غیر ملکی دورے اور منشیات اسمگلنگ کیس میں سعودی عرب میں گرفتار بے گناہ پانچ پاکستانیوں کی رہائی اور وطن واپسی پر مبارکباد پیش کی اور ان گرفتار شدہ پاکستانیوں کی رہائی کے سلسلے میں مؤثر کوششیں کرنے پر صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کو خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری سے پنجاب میں ایم کیوایم کے کنونشن کے انعقاد، صوبہ سندھ کے بعض مسائل، ملک کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے انہیں بھی سعودی عرب میں گرفتار بے گناہ پاکستانیوں کی رہائی پر مبارکباد پیش کی اور اس سلسلے میں ان کی کوششوں کو سراہا۔

## حضرت بابا بلھے شاہؒ کا پیغام خدا اور اس کی مخلوق سے پیار اور احترام انسانیت کا پیغام ہے۔ الطاف حسین

## حضرت بابا بلھے شاہؒ نے اپنی صوفیانہ شاعری کے ذریعے لوگوں کو عشق حقیقی اور دین اسلام کی اصل روح سے آگاہ کیا

## حضرت بابا بلھے شاہؒ کے 251 ویں عرس کے موقع پر الطاف حسین کا پیغام

لندن۔۔۔ 3 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ حضرت بابا بلھے شاہؒ کا پیغام خدا اور اس کی مخلوق سے پیار اور احترام انسانیت کا پیغام ہے۔ برصغیر کے ممتاز صوفی بزرگ شاعر حضرت عبداللہ شاہ قادری المعروف حضرت بابا بلھے شاہؒ کے 251 ویں عرس کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت بابا بلھے شاہؒ ایک صوفی بزرگ اور اپنے وقت کے ایک بڑے مذہبی اسکالر تھے جنہوں نے اپنی صوفیانہ شاعری کے ذریعے لوگوں کو عشق حقیقی اور دین اسلام کی اصل روح سے آگاہ کیا۔ حضرت بابا بلھے شاہؒ مذہبی منافرت اور انتہا پسندی کے خلاف تھے، ان کی صوفیانہ شاعری اور روحانی تعلیمات کی وجہ سے تمام مذاہب اور عقائد کے ماننے والے ان کا احترام کرتے تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت بابا بلھے شاہؒ اور ان جیسی دیگر بزرگ ہستیوں نے عشق حقیقی اور احترام انسانیت کا جو پیغام دیا ہے، آج ملک میں احترام انسانیت کے اسی پیغام کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حضرت بابا بلھے شاہؒ اور دیگر بزرگ ہستیوں کے صدقے ملک کو امن وسلامتی اور استحکام عطا کرے اور عوام کے درمیان اتحاد و بھائی چارہ پیدا کرے۔

## گلگت بلتستان کے معروف شیعہ عالم شیخ غلام حیدر نجفی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔03/ اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے معروف شیعہ عالم دین شیخ غلام حیدر نجفی کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی اللہ تعالیٰ شیخ غلام حیدر نجفی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## متحدہ طالبانائزیشن کی راہ میں دیوار بن کر کھڑی ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## سندھ کی دھرتی کو خون میں نہلانے کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا

## کراچی میں طالبانائزیشن کے حوالے سے الطاف حسین کے خدشات درست ثابت ہو رہے ہیں

کراچی۔۔۔3اکتوبر2009ء

حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں طالبان دہشت گردوں کے بھرپور نیٹ ورک کی موجودگی سے متعلق اطلاعات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ابتداہی میں کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں طالبانائزیشن کے خدشات کا اظہار کیا تھا جو اب درست ثابت ہو رہے ہیں۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین عوام اور حکومت کو کراچی میں طالبانائزیشن اور انتہا پسند دہشت گردوں کی موجودگی سے آگاہ کرتے رہے ہیں تاہم حکومت ،بعض سیاسی رہنماؤں اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے جناب الطاف حسین کے خدشات کو واویلا قرار دے کر عوام کو گمراہ کیا جاتا رہا، اب کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی بھاری اسلحہ سمیت گرفتاریوں، ملا عمر کے طالبان اور دیگر دہشت گردوں کے مضبوط نیٹ ورک کی موجودگی کی اطلاعات اس بات کا کھلا ثبوت ہیں کہ صوبہ سندھ اور اس کے دارالحکومت کراچی میں طالبانائزیشن کے حوالے سے جناب الطاف حسین کے خدشات سو فیصد درست تھے اور جو عناصر جناب الطاف حسین کے خدشات کو واویلا قرار دے رہے تھے دراصل عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے اور انشاءاللہ سندھ کی دھرتی کو خون میں نہلانے کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ارکان سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں طالبان اور دیگر دہشت گردوں کے نیٹ ورک کی موجودگی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور سندھ کے عوام کو طالبانائزیشن سے محفوظ رکھنے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں۔

## سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق چینی کی 40روپے فی کلو فروخت یقینی بنائی جائے، حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔3،اکتوبر2009ء

حق پرست ارکان سینیٹ نے ملک بھر میں چینی کے 40روپے فی کلو فروخت سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق چینی کی 40روپے فی کلو فروخت کو یقینی بنایا جائے اور چینی مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ چینی مافیا نے جسے بااثر افراد کی سرپرستی حاصل ہے اربوں روپے کما کر عوام کا معاشی استحصال کیا ہے، یہی وہ عناصر ہیں جن کی وجہ سے چینی اور دیگر اشیائے خورونوش کی قیمتیں عوام کی قوت خرید سے باہر ہو چکی ہیں۔حق پرست سینیٹروں نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ چینی کی طرح دیگر اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بھی کمی لائی جائے تاکہ مہنگائی کے مارے غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو ریلیف مل سکے۔

## ماری پور کی کچھی، راجپوت اور بلوچ برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی ایم کیو ایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔3اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسطہ کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے اور ملک میں غریبوں کی حکمرانی کے قیام کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ نے یہ بات مضافاتی کمیٹی مشرف کالونی یونٹ ماری پور سیکٹر کے تنظیمی دورے کے موقع پر کمیٹی کے کارکنان و ہمدردوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر کچھی، راجپوت اور بلوچ برادری سے تعلق رکھنے والے نواجونوں نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے سے متاثر ہو کر ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرنے والے نوجوانوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرست نمائندوں نے سندھ بالخصوص کراچی میں جو ترقیاتی کام کروائے ہیں ان کی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے قول و فعل سے ثابت کیا ہے کہ وہ سندھ دھرتی کے سچے بیٹے ہیں، ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستوں کے شانہ بشانہ 98فی فیصد مظلوم و محکوم متوسط طبقہ کے حقوق کی جنگ لڑیں گے۔کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ تیزی کے ساتھ ملک بھر میں پھیل رہا ہے

## رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔3 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153 کے کارکن محمد فاروق کے والد آغا ذکر الرحمٰن ، کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن محمد کاشف کی والدہ محترمہ رونق عزیز، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153 کے کارکن کامران شمیم کے والد محمد شمیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆